The

State Gazette

Rampur.

مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۲۰ رجب المرجب ۱۳۵۲ھ مطابق ۱۸ نومبر ۱۹۳۳ء

نمبر ۵ — حصہ دوم — جلد ۵۰

احکام منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

(۱)	احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر	۲	(۶)	احکام ناظم صاحب شمالی	۹
(۲)	احکام اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر	۳، ۴	(۷)	حکم ڈپٹی سکریٹری صاحب جیب خاص	۱۰
(۳)	حکم اجلاس صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر	۴	(۸)	احکام ڈپٹی سکریٹری صاحب محافظ خانہ جات	۱۰
(۴)	احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر	۵–۹			
(۵)	فہرست مقدمات ہائی کورٹ	۹	(۹)	نرخ نامہ اجناس	۱۱

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

مستقلی

(۱۱ر نومبر ۱۹۳۳ء)

ثبتہ تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر بارۂ صدور حکم مستقلی مسمی محمد نبی ہیڈ کلرک باورچی خانہ ہمانداری بمشاہرہ پندرہ روپیہ از یکم اکتوبر ۱۹۳۳ء بوجہ ختم ہو جانے مدت امتحانی تین ماہ و اطمینان کام حسب تجویز صاحب کنٹرولر بہادر ہاؤس ہولڈ۔

حکم

حسب تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر۔ مسمی محمد نبی کو آسامی ہیڈ کلرک باورچی خانہ ہمانداری میں بمشاہرہ پندرہ روپیہ ماہوار یکم اکتوبر ۱۹۳۳ء سے مستقل کیا جانا منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

تقرر

۱۴ر نومبر ۱۹۳۳ء

حسب تجویز سروسز سلیکشن بورڈ۔ وحید اللہ خان سپاہی منصرم ملازمان صدر کی جگہ پر فدا علیخان عرضی گذار کا تقرر بمشاہرہ بارہ روپیہ ماہوار منظور کیا جاتا ہے۔ فدا علیخان مذکور اس جگہ پر پہلے ملازم بھی رہ چکا ہے۔ کاغذات بغرض اجرائے احکام ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر کے پاس مرسل ہوں۔　دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

منصرم صاحب ملازمان حسب ضابطہ احکام جاری کریں۔

۱۵ر نومبر ۱۹۳۳ء　دستخط ڈپٹی سکریٹری صدر

تبادلہ

(۱۵ر نومبر ۱۹۳۳ء)

اسٹیٹ پریس میں ایک آسامی پندرہ روپیہ ماہوار کی خالی ہے۔ حسب اتفاق رائے سروسز سلیکشن بورڈ سید حبیب علی اہلمد محافظخانہ صدر مشاہرہ ۱۰ روپیہ کو بوجہ خلوئے آسامی اسٹیٹ پریس پر بہ تنخواہ پندرہ روپیہ ماہانہ تبدیل کیا جاتا ہے۔ محافظخانہ صدر میں سید حبیب علی کی جگہ پر بمشاہرہ دس روپیہ سید نوشہ علی تخفیف شدہ کا تقرر ہو سکتا ہے۔ اگر نوشہ علی مذکور دس روپیہ تنخواہ پر ملازمت کرنا چاہے تو اوسکے تقرر کی کارروائی کی جائے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

رخصت

۱۵ر نومبر ۱۹۳۳ء

ثبتہ رپورٹ ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول دربارہ صدور حکم منظوری منسوخی رخصت رعایتی بقیہ سات یوم از یکم تا ۷ر نومبر ۱۹۳۳ء ماسٹر عظمت اللہ خان ڈرائنگ ماسٹر ہائی اسکول تنخواہ دس روپیہ۔

حکم

ماسٹر عظمت اللہ خان ڈرائنگ ماسٹر ہائی اسکول نے رخصت رعایتی من ابتدائے ۲۹ر اکتوبر لغایت ۷ر نومبر ۱۹۳۳ء بوضع نصف تنخواہ حاصل کی تھی۔ وہ رخصت سے صرف تین یوم استفادہ حاصل کرکے یکم نومبر ۱۹۳۳ء سے اپنے کام پر حاضر ہو گئے لہذا حسب تحریر ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول بقیہ سات یوم من ابتدائے یکم لغایت ۷ر نومبر ۱۹۳۳ء کی رخصت منسوخ کی جاتی ہے۔ سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں　دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر

احکام اجلاس صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

تبادل مدرسین

ثبتہ رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس بدیں خلاصہ کہ مڈل اسکول
کی جدید منظور شدہ آسامی ؎ ماہوار پر احمد اللہ خان
مدرس مڈل اسکول تنخواہ ؎ کو باضافہ ایک روپیہ
مشاہرہ ؎ و سید ... محمد مدرس مڈل اسکول
تنخواہ دس روپیہ ماہوار کو باضافہ دو روپیہ
بہ تنخواہ ؎ بجائے احمد اللہ خان و حافظ نور علی خان
معلم قرآن شریف مدرسہ ... تنخواہ اٹھ روپیہ ماہوار
کو باضافہ دو روپیہ بہ تنخواہ دس روپیہ ماہوار مڈل اسکول
میں تبدیل فرمایا جائے اور حافظ نور علی خان
کی جگہ مدرسہ ... میں حافظ شہاب الدین کا تقرر
بہ تنخواہ ؎ روپیہ فرمایا جاوے

حکم

حسب صراحت رپورٹ تبادلہ جات مدرسین مندرجہ بالا
منظور کئے جاتے ہیں۔ حافظ کی جدید آسامی کے لئے
علیحدہ رپورٹ کیجائے اول فہرست امیدواران بھیجی جاوے
سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔
۱۰ر نومبر ۱۹۳۳ء　　دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

رخصت

ثبتہ رپورٹ ہیڈ ماسٹر صاحب ہائی اسکول ... درباره صدور حکم منظوری
رخصت رعایتی ایک ماہ بوضع نصف تنخواہ از ۱۱ر نومبر
تا ۱۰ر دسمبر ۱۹۳۳ء مسمی اننت رام پنڈت ہائی اسکول
تنخواہ ؎
حسب رپورٹ و تصدیق اکاؤنٹ آفس اننت رام کی رخصت
رعایتی ایک ماہ بوضع نصف تنخواہ از ۱۱ر نومبر تا ۱۰ر دسمبر ۱۹۳۳ء
منظور ہے۔ سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں
۹/۱۱ر نومبر ۱۹۳۳ء　　دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

منسوخی رخصت

ثبتہ رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس درباره صدور حکم منظوری
منسوخی رخصت رعایتی ایک ماہ بحصہ بوضع
نصف تنخواہ از ۲ر اکتوبر تا یکم نومبر ۱۹۳۳ء
و منظوری رخصت علالت دو ماہ بوضع
نصف تنخواہ از ۲ر اکتوبر ۱۹۳۳ء تا یکم
دسمبر ۱۹۳۳ء مسمی ممتاز حسین
مدرس دوم مدرسہ تحصیل شاہ آباد
تنخواہ ؎
حسب رپورٹ و تصدیق اکاؤنٹ آفس ممتاز حسین مدرس کی رخصت
علالت دو ماہ بوضع نصف تنخواہ از ۲ر اکتوبر ۱۹۳۳ء تا یکم دسمبر ۱۹۳۳ء
و منسوخی رخصت رعایتی بحصہ ایک ماہ منظور ہے۔ سررشتہ سے
احکام ضابطہ جاری ہوں۔　　۹/۱۱ر نومبر ۱۹۳۳ء
(دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر)

تبادلہ

ثبتہ رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس بدیں خلاصہ
کہ مدرسہ گمبیر کے بازنگاں میں طلبہ کی تعداد زائد
ہو جانے پر ایک معاون مدرس دیا گیا تھا۔ اب
وہاں تعداد کم ہو گئی اور مدرسہ ... میں زائد
موجودہ ... ناکافی ہے۔ لہذا اسمٰعیل احمد خان

معاون مدرس مدرسہ گنیر کٹے بازخاں تنخواہ دار [illegible] کا تبادلہ مدرسہ نالہ پار میں فرمایا گیا۔

حکم

حسب رپورٹ جمیل احمد خاں معاون مدرس مدرسہ گنیر کٹے بازخاں کا تبادلہ بہ تنخواہ موجودہ مدرسہ نالہ پار میں کیا جانا منظور ہے۔ سررشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۱۲ نومبر ۱۹۳۳ء

دستخط صاحب جوڈیشل منسٹر بہادر

حکم اجلاس جناب ہوم منسٹر بہادر

واقع ۱۳ نومبر ۱۹۳۳ء

منصرمان کارخانجات کے تبادلے حال ہی میں جاری کئے گئے ہیں لیکن حیدر علیخاں منصرم دوئم کی علالت کے باعث ان تبادلوں کا ہنوز عملدرآمد نہیں ہوا ہے۔ لہذا بالفعل محمد اسمٰعیل خاں منصرم سے فرزند علی منصرم دوئم باورچیخانہ مہمانداری انگریزی کو ہندوستانی باورچیخانہ کا بھی چارج دلا دیا جائے حیدر علیخاں حاضر خدمت ہو کر فرزند علی سے چارج لیلینگے۔ اور چونکہ مہتمم صاحب توشہ خانہ سید رضا علی منصرم کے باورچیخانہ خاصہ میں بدستور رہنے کی ضرورت ظاہر کی ہے لہذا حسب تحریک مہتمم صاحب خاصہ انکو بہ تنخواہ موجودہ [illegible] ماہوار باورچیخانہ خاصہ میں مستقل کیا جاتا ہے۔ اور محمد اسمٰعیل خاں کا تبادلہ بہ تنخواہ موجودہ [illegible] ماہوار پر کوٹھی بریلی کو کیا جاتا ہے۔ محمد اسمٰعیل خاں تاریخ امروزہ سے منصرم کوٹھی بریلی رہینگے۔ بجٹ کوٹھی بریلی پر جو بار بیشی تنخواہ سے پڑے اس کی رپورٹ ختم سال کے قریب آنا چاہئیے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط جناب ہوم منسٹر بہادر

احکام اجلاس جناب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

(مورخہ ۹ نومبر ۱۹۳۳ء)

ثبت تحریر جناب اکاونٹنٹ جنرل بہادر بابت تصدیق استحقاق رخصت علالت مزید سات یوم بشرح نصف تنخواہ نبی احمد خان ملازم کتب خانہ شاہرہ دار مبلغ روپیہ از ۲ نومبر ۱۹۳۳ء (بحالت شمول سند طبی) بربنائے درخواست مسمی مذکور مصدقہ ناظم صاحب کتبخانہ

بسلسلہ رخصت سابقہ سات یوم کی رخصت بوجہ علالت نصف تنخواہ پر نبی احمد خاں ملازم کتب خانہ کی منظور ہے اتفاقیہ رخصت سابقہ رخصت کے سلسلہ میں نہیں دیجا سکتی ہے احکام جاری ہوں۔ آئندہ تصدیق معالج ہو کر ایسی درخواست آنا چاہئے

(دستخط جناب ریونیو منسٹر بہادر)

رخصت

(مورخہ ۱۱ نومبر ۱۹۳۳ء)

ثبت رپورٹ انجنیر صاحب واٹر ورکس بابت منظوری رخصت رعایتی سات یوم مظفر حسین کلرک واٹر ورکس شاہرہ یابی ... روپیہ از یوم استفادہ۔

(تصدیق صاحب اکاونٹنٹ جنرل بہادر)

مظفر حسین کی ایک ہفتہ کی رعایتی رخصت یوم استفادہ سے منظور ہے۔ شرشتہ سے احکام ضابطہ جاری ہوں

(دستخط جناب ریونیو منسٹر بہادر)

تصفیہ تنخواہ

مثبتہ عرضی حسن رضا خان ولد احمد رضا خان باشندہ عامل بابت ناظم صاحب شمالی تجویز کریں اور ضمانت کا تکملہ کرایا جاوے۔

(۵ ستمبر ۱۹۳۳ء) (دستخط جناب ریونیو منسٹر بہادر)

(حکم ثانی)

ثبت رپورٹ تحصیلدار صاحب سوار بدیں خلاصہ کہ حسن رضا خان کا تقرر حلقہ نمبر (۳) پر ہوا تھا۔ یکم اکتوبر ۱۹۳۳ء سے کام انجام دے رہے ہیں۔ بحکم ۱۰ اکتوبر ان کا تبادلہ حلقہ نمبر ۹ و ۱۱ پر ہو گیا ہے۔ اس حلقہ کا کام ۱۲ اکتوبر سے انجام دے رہے ہیں حلقہ نمبر ۳ کی تنخواہ ... روپیہ اور حلقہ نمبر ۹ و ۱۱ کی تنخواہ ... ہے۔ تنخواہ کا تصفیہ فرما دیا جاوے۔

(مرسلہ ناظم صاحب شمالی)

بیس روپیہ تنخواہ ہوگی۔

یکم نومبر ۱۹۳۳ء (دستخط جناب ریونیو منسٹر بہادر)

احکام تقرر بہ تنخواہ بیس روپیہ جاری ہوں

۲ نومبر ۱۹۳۳ء

(دستخط ناظم صاحب شمالی)

رخصت

۱۳ نومبر ۱۹۳۳ء

مثبتہ یادداشت ناظم صاحب حلقہ جنوبی بابتہ منظوری رخصت رعایتی ۳۰ یوم سید آفتاب الدین نائب رجسٹرار قانونگوئی تحصیل حضور شاہرہ یابی ... از یوم استفادہ مصدقہ صاحب اکاونٹنٹ جنرل بہادر

حکم

تاریخ استفادہ سے ۳۰ یوم کی رخصت رعایتی آفتاب الدین

نائب رجسٹرار صیغہ تحصیل کی بدمہ داری رجسٹرار قانونگوی منظور ہے۔ حق رخصت رعایتی حاصل ہے۔ احکام جاری ہوں۔
(دستخط خاص صاحب ریونیو منسٹر بہادر)

تبادلہ جات

۱۴ر نومبر ۱۹۳۳ء

(۱) چندر بہال سنگھ قانونگوی گرداور تحصیل شاہ آباد سے تحصیل بلاسپور تبدیل ہو۔

(۲) رادھے شیام قانونگوی گرداور تحصیل بلاسپور سے تحصیل شاہ آباد تبدیل ہو۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط خاص صاحب ریونیو منسٹر بہادر

جرمانہ

۱۴ر نومبر ۱۹۳۳ء

مثبتہ رپورٹ انجینیر صاحب واٹر ورکس بابتہ جرمانہ [illegible] بر کلن فٹر تنخواہ [illegible] بسبب بند ہو جانے پانی کوٹھی پچھلی بیرون قلعہ معلی۔

حکم

حسب رپورٹ انجینیر صاحب واٹر ورکس کلن فٹر پر [illegible] جرمانہ کیا جاتا ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط خاص صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

۱۴ر نومبر ۱۹۳۳ء

مثبتہ رپورٹ محمد اعلی فیلڈ انسپکٹر نمبر ۱۵ بابتہ عادر رخصتی ۳ یوم بوضع تنخواہ از ۱۱ر نومبر ۱۹۳۳ء۔

حکم

۳ یوم کی رخصت بوضع تنخواہ منظور ہے۔

دستخط خاص صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

مثبتہ رپورٹ ناظم صاحب حلقہ جنوبی بابتہ منظوری رخصت ۲۰ یوم بلا تنخواہ سید قاسم رضا ضلعدار تحصیل شاہ آباد مشاہرہ یاب [illegible] از ۲۰ر ستمبر ۱۹۳۳ء و بابتہ تعین تنخواہ حشمت علیخاں قائم مقام نامبردہ۔ برنبائے رپورٹ تحصیلدار صاحب بابتہ تقرر عارضی حشمت علیخاں از زمانہ رخصت ضلعدار مذکور۔

حکم

زمانہ رخصت ۲۰ یوم ۵ر اکتوبر کو ختم ہو چکا ہے ضلعدار مذکور آیا یا نہیں رخصت بوضع تنخواہ سید قاسم رضا منظور کیجاتی ہے۔ اگر یہ شخص رخصت سے واپس نہ آیا ہو تو مستقل انتظام کی ضرورت آنا چاہیے اور جو شخص اسکی جگہ عارضی طور پر تعینات کیا گیا ہے یہ ضلع غیر کا ہے اسپر بھی ناظم صاحب براہ مہربانی غور کرلیں۔ ۲۴ر اکتوبر ۱۹۳۳ء

دستخط خاص صاحب ریونیو منسٹر بہادر

مثبتہ رپورٹ ناظم صاحب حلقہ جنوبی بابتہ منظوری رخصت بلا تنخواہ سید قاسم رضا ضلعدار از ۵ر نومبر ۱۹۳۳ء

حکم

۵ر اکتوبر سے ۵ر نومبر ۱۹۳۳ء تک رخصت بلا تنخواہ بہ انتظام سابقہ سید قاسم رضا ضلعدار حلقہ شاہ آباد منظور ہے۔

احکام جاری ہوں۔ ۱۵ر نومبر ۱۹۳۳ء

دستخط خاص صاحب ریونیو منسٹر بہادر

عدالت العالیہ ہائیکورٹ اجلاس صاحب چیف جسٹس بہادر

(واقع ۶ نومبر ۱۹۲۳ء)

فہرست پیشی مقدمات جنکی پیشی عدالت العالیہ ہائیکورٹ میں من ابتداء ۱۰ نومبر سنہ حال لغایت ۱۶ نومبر سنہ حال ہوئی منسلک ہوکے

برائے طبع مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔ (دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر)

فہرست مقدمات

جنکی پیشی عدالت العالیہ ہائیکورٹ میں من ابتداء ۱۰ نومبر لغایت ۱۶ نومبر ۱۹۲۳ء ہوئی

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۹ نومبر ۲۳ء	جمعہ				تعطیل
۱۰ "	شنبہ	مسٹر معظم علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس	بابو رام وغیرہ بنام منالال وغیرہ	اپیل متفرق دیوانی بصیغہ اجرائے	آج پیش ہوکر برائے سماعت ۲۳ نومبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	علی بہادر خان وغیرہ بنام لڈن خاں	اپیل دیوانی دعوے شفع جنین ۱۵ر	آج پیش ہوکر برائے سماعت ۱۴ نومبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	مسٹر جسٹس عبدالعزیز صاحب بہادر انصاری	شیر بہادر سنگھ وغیرہ بنام کشوری سنگھ وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوی دخلیابی جائداد	برائے داخل بیان تحریری ۱۴ نومبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	سرکار بہادر بنام پہلوان وغیرہ	ابتدائی سشن جرم دفعہ ۳۰۲ ت	صفائی پیش کرنے کیواسطے ۱۷ نومبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	سرکار بہادر بنام عزیز	ابتدائی سشن جرم دفعہ ۳۶۳/۳۶۶	برائے پیشی درخواست بابت طلبی گواہان ۱۴ نومبر سنہ حال مقرر ہوئی
"	"	"	سرکار بہادر بنام عبدالرحمن وغیرہ	ابتدائی سشن جرم دفعہ ۳۲۵/۳۴ و ۳۰۴ ت	بعدم ثبوت جرم ملزمان بری کئے گئے
"	"	مسٹر معظم علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس	عبدالحفیظ خان بنام محمد یونس خان	اپیل دیوانی دعوی دخلیابی آراضی	زیر تجویز
۱۲ نومبر	یکشنبہ	"	ہری شنکر بنام سیرا	نگرانی فوجداری جرم ۲۰۶ ت	زیر تجویز
"	"	"	غلام جیلانی وغیرہ بنام نور احمد	اپیل دیوانی دعوے [illegible]	زیر تجویز
"	"	مسٹر جسٹس عبدالعزیز صاحب بہادر انصاری	محمد رفیق خاں بنام مسماۃ زبیدی بیگم	درخواست بنسبت قرار دیئے جانے دیوالیہ	۱۴ نومبر سنہ حال برائے سماعت مقرر ہوئی
"	"	"	سرکار بہادر بنام [illegible]	ابتدائی سشن جرم دفعہ ۳۰۲ ت	صفائی پیش کرنے کیواسطے ۲۲ نومبر سنہ حال مقرر ہوئی

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۱۲ نومبر ۳۳ء	یکشنبہ	مسٹر جسٹس عبد العزیز صاحب بہادر انصاری	شیر بہادر سنگھ وغیرہ بنام کنور سنگھ وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوے دخلیابی جائداد	۱۸ نومبر سنہ حال برائے ادخال پتہ مدعا علیہ مقرر ہوئی۔
〃	〃	مسٹر معظم علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس	اللہ بخش بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری الزام دفعہ ۱۰ قانون اسلحہ	اپیل نامنظور ہوا۔
۱۳ نومبر ۳۳ء	دوشنبہ	〃	صاحبزادہ سید مقصود علیخاں صاحب بہادر بنام نند کشور	نگرانی خفیفہ دعوے زر قرضہ	برائے سماعت ۱۸ نومبر سنہ حال مقرر ہوئی
〃	〃	〃	اکبر علیخاں بنام محمد حسین خاں	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۵۲ ت	زیر تجویز
〃	〃	〃	شرافت حسین بنام لطیف شاہجہان	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۲۳ ت	اپیل نامنظور ہوا۔
〃	〃	بنچ ہائی کورٹ	چھوٹے لال بنام ڈھاکن	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۱۰ [illegible]	زیر تجویز
〃	〃	〃	سکی بنام بدھا	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۱۰۹ ت	نگرانی نامنظور ہوئی
〃	〃	مسٹر عبد العزیز صاحب بہادر انصاری	مسماۃ مہدی بیگم بنام اکبری بیگم	ابتدائی دیوانی دعوے استقرار حق	برائے سماعت بحث ۲۴ نومبر سنہ حال مقرر ہوئی
۱۴ نومبر	سہ شنبہ	〃	انوری بیگم بنام اسد اللہ خاں وغیرہ	درخواست اجازت نالش مفلسانہ	شہادت فریقین پیش کرنے واسطے ۱۱ دسمبر سنہ حال مقرر ہوئی
〃	〃	〃	سرکار بہادر بنام شیخ وغیرہ	ابتدائی سشن جرم دفعہ ۳۰۹ ت	صفائی پیش کرنے واسطے ۱۹ نومبر سنہ حال مقرر ہوئی
〃	〃	〃	محمد رفیق خاں بنام مسماۃ رشیدی بیگم	درخواست نسبت قرار دئے جانے دیوالیہ	برائے سماعت بحث ۱۵ نومبر سنہ حال مقرر ہوئی
〃	〃	مسٹر معظم علیخاں صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس عبد العزیز صاحب بہادر انصاری	رام سروپ بنام گنگا پرشاد	اپیل دیوانی دعوے [illegible]	اپیل نامنظور ہوا۔
〃	〃	بنچ ہائی کورٹ مسٹر معظم علیخاں صاحب چیف جسٹس	ہرچرن وغیرہ بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ [illegible] ت	اپیل نامنظور ہوا۔
〃	〃	〃	ہری شنکر بنام سمرا	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۱۰۹ ت	نگرانی نامنظور ہوئی
〃	〃	〃	اکبر علیخاں بنام محمد حسن خاں	نگرانی فوجداری جرم دفعہ ۳۲۳ ت	بوجہ عدم ادخال رسوم عدالت نگرانی خارج ہوئی
〃	〃	〃	عبد اللہ خاں بنام سکندر بیگم	اپیل دیوانی دعوے استقرار حق	زیر تجویز
۱۵ نومبر	چہار شنبہ	〃	بشیر الدین خاں وغیرہ بنام سرکار بہادر	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۳۲۳، ۳۴۹ ت و ۱۹ ایکٹ اسلحہ	〃
〃	〃	مسٹر جسٹس عبد العزیز صاحب بہادر انصاری	محمد رفیق خاں بنام مسماۃ رشیدی بیگم	درخواست نسبت قرار دئے جانے دیوالیہ	برائے سماعت بحث ۲۰ نومبر سنہ حال مقرر ہوئی
〃	〃	〃	مدرسہ انوار العلوم ذریعہ حافظ احمد علی بنام حافظ غلام سبحانی وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوے [illegible]	شہادت پیش کرنے کے واسطے ۲۷ نومبر سنہ حال مقرر ہوئی۔

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۱۰ نومبر	پنجشنبہ	منصرم عبدالعزیز صاحب بہادر	شاہ محمدی بیگم بنام شاکری بیگم	ابتدائی دیوانی دعویٰ استقرار حق	مدعیہ جیتی
"	"	"	محمد توفیق خاں بنام ساداؤ رشیدی بیگم	درخواست نسبت قرار دینے جعلی دیوانہ	[illegible]
"	"	منصرم عظیم صاحب بہادر چیف جسٹس	بھگوان داس بنام سرکار بہادر	نگرانی فوجداری الزام دفعہ قانون بناسپتی	"
"	"	"	اشفاق الرحمن وغیرہ بنام سید یوسف علی	اپیل دیوانی دعویٰ بابت [illegible]	اپیل منظور ہوا

احکام اجلاس ناظم صاحب حلقہ شمالی

رخصت

واقع ۱۰ نومبر ۱۹۳۳ء

مثبتہ تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل بہادر بابتہ تصدیق استحقاق رخصت رعایتی سات یوم گوبند پرشاد واصلباقی نویس تحصیل ٹانڈہ مشاہرہ ماہوار پندرہ روپیہ از ۱۲ اکتوبر ۱۹۳۳ء۔

حکم

گوبند پرشاد واصلباقی نویس تحصیل ٹانڈہ کی رخصت رعایتی سات یوم بوجہ استحقاق حسب تحریر اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب بہادر منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط ناظم صاحب حلقہ شمالی

تصحیح تنخواہ

واقع ۱۵ نومبر ۱۹۳۳ء

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب سوار بدین خلاصہ کہ محمد رضا خان ضلعدار حلقہ ۷۰۹ تاریخ تعیناتی سے پندرہ روپیہ ماہوار پا رہے ہیں۔ لیکن نقل حکم مجریہ ۱۷ اکتوبر ۱۹۳۳ء بابت مستقلی محمد رضا خان بجائے ارشاد غوث ضلعدار، میں محمد رضا خان کی تنخواہ بیس روپیہ ماہوار تحریر ہے۔ لہذا صراحت کی ضرورت ہے کہ آیا محمد رضا خان کو پندرہ روپیہ تنخواہ دیجائیگی یا بیس روپیہ۔

حکم

احکام تصحیح تنخواہ کے بہ تعیین تنخواہ پندرہ روپیہ جاری ہوں۔

دستخط ناظم صاحب حلقہ شمالی

حکم ڈپٹی سکریٹری صاحب پولیس

منسوخی رخصت

(۱۴ نومبر ۱۹۳۳ء)

ثبتہ رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ محافظخانہ پولیس سکشن نمبر ۱ معہ عرضی سید محمد حسن دفتر محافظخانہ مذکور شاہرہ دار دس روپیہ ماہوار بابت منسوخی رخصت عالمی پندرہ یوم۔

منظور شدہ بحکم ۱۳ اکتوبر ۱۹۳۳ء

بوجہ عدم استفادہ

ضرورت

حکم

رخصت منظور شدہ منسوخ کیجاتی ہے۔

احکام تنسیخ رخصت حسب ضابطہ جاری ہوں ۱۶ نومبر ۱۹۳۳ء

(دستخط صاحب ڈپٹی سکریٹری صاحب)

احکام ڈپٹی سکریٹری صاحب محافظخانجات

رخصت

(۱۶ نومبر ۱۹۳۳ء)

ثبتہ رپورٹ محافظ دفتر صاحب سکشن نمبر ۲ دربارہ منظوری رخصت اتفاقیہ چار یوم مطلوبہ مشتاق علیخان محرر محافظخانہ پولیس سکشن نمبر ۱ شاہرہ دار گیارہ روپیہ از ۱۳ لغایت ۱۶ نومبر ۱۹۳۳ء بوجہ شادی عزیز رخصت خواہ۔ بذمہ داری محمد رضا خان صاحب محرر مذکور۔

حکم

منشی مشتاق علیخاں محرر محافظخانہ پولیس کی چار روز کی رخصت اتفاقیہ منظور ہے سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط ڈپٹی سکریٹری صاحب محافظخانجات

رخصت

۱۵ نومبر ۱۹۳۳ء

ثبتہ رپورٹ محافظ دفتر صاحب سکشن نمبر ۲ ظہری عرضی سید عبد الہادی محرر محافظخانہ فوجداری سکشن نمبر ۲ شاہرہ دار چودہ روپیہ باستدعائے منظوری رخصت اتفاقیہ تین یوم از ۱۳ لغایت ۱۵ نومبر ۱۹۳۳ء بضرورت درستی مکان خود بذمہ داری غلام احمد خان محرر محافظخانہ مذکور۔

حکم

محافظخانہ جات میں بہت تھوڑے اہلکار ہیں۔ آیندہ کو اس امر کا لحاظ رکھا جائے کہ ایک محرر سے زیادہ محرران رخصت حاصل نہ کریں۔ سید عبد الہادی چونکہ رخصت لینے کے عادی نہیں ہیں۔ اور ان کی ضرورت بھی قوی ہے، لہذا نامبردہ کو تین یوم کی رخصت اتفاقیہ دیجاتی ہے کاغذات برائے اجرائے احکام ضابطہ سررشتہ صدر کو مرسل ہوں۔

دستخط صاحب ڈپٹی سکریٹری محافظخانجات

سکشن نمبر ۲

نقشہ اجناس ریاست رامپور - ہفتہ دویم ماہ نومبر سنہ ۱۹۳۳ء

نام جنس	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	[illegible]	کیفیت
گندم	۱۳ار / ۰۱۳ار	۱۳ار	۰۱۳ار	۱۵ار	۱۳ار / ۱۳ار	۱۳ار	
نخود خالص	۱۵ار	۰۱۶ار	۱۶ار	۱۹ار	۱۷ار	۱۶ار	
نخود کشتہ آمیز	۰۱۷ار	۱۸ار	۱۷ار	۲۰ار	۱۸ار	۱۷ار	
گت	۰۱۹ار	۰۱۸ار	۱۹ار	۲۱ار	۲۱ار	۱۹ار	
ماش	۱۳ار	۱۳ار	۰۱۳ار	۱۲ار	۰۱۳ار	۱۳ار	
مونگ	۱۳ار	۱۳ار	۰	۰	۱۱ار	۱۲ار	
مکا	۲۱ار	۰۲۱ار	۰۲۰ار	۰۲۲ار	۲۵ار / ۲۶ار	۲۱ار	
جئی	۲۲ار	۰	۰	۰	۲۲ار	۲۳ار	
گوجئی	۰	۰	۰	۰	۱۸ار	۱۸ار	
عدس	۱۵ار	۱۲ار	۰	۰	۱۶ار	۱۶ار	
ارہر	۱۲ار	۱۳ار	۰	۰	۱۲ار	۱۳ار	
برنج	۱۰ار	۰۱۰ار / ۰۱۲ار	۱۰ار / ۱۱ار	۱۱ار	۱۰ار / ۱۳ار	۱۱ار	
روغن زرد	۱۱ چھٹانک	ے ر ار	۱۲۰ چھٹانک	بس ر ار	۱۲۰ چھٹانک	ے ر ار	
روغن سیاہ	۳ار	۳ ر ار	۳ار	۳ / ۳ ر ار	۳ ر ار	۳ار	
روغن کنجد	۲ار	۰۲ار	۲ار	۲ار	۳ار	۰۳ار	
نمک سانبھر	۹ار	۹ار	۰۸ار	۹ار	۱۰ار	۰۹ار	
نمک لاہوری	۵ار	۰۸ار	۶ار	۷ار	۰	۸ار	
قند سیاہ	۶ار / ۷ار	۷ار / ۸ار	۶ار	۷ار	۸ار	۸ار / ۷ار [illegible]	
باجرہ	۰۱۶ار	۱۹ار	۰	۰	۰	۱۶ار	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور